جامعہ علوم اثریہ کے سالانہ امتحانات

قسم تحفیظ القرآن الکریم کے امتحانات 6 جولائی بمطابق 23 رجب بروز منگل سے شروع ہو کر 7 جولائی بمطابق 24 رجب بروز بدھ اختتام پذیر ہوں گے، جبکہ قسم الدراسات الاسلامیہ والعربیہ کے امتحانات 14 جولائی بمطابق یکم شعبان بروز بدھ سے شروع ہو کر 22 جولائی بمطابق 9 شعبان بروز جمعرات اختتام پذیر ہوں گے۔ ان شاء اللہ

جامع مسجد اہل حدیث خورد میں جلسہ سیرت النبی ﷺ

مورخہ 29 مئی بروز ہفتہ جامع مسجد اہل حدیث خورد میں جلسہ سیرت النبی ﷺ زیر صدارت رئیس الجامعہ حافظ عبدالحمید عامر منعقد ہوا جس میں مولانا سید شفیق الرحمٰن چشتی آف جھنگ اور مولانا حافظ عدیل الرحمٰن آف گوجرانوالہ نے خطاب کیا۔ رئیس الجامعہ کی نمائندگی مولانا قطب شاہ صاحب نے کی۔

مرکزی جامع مسجد اہل حدیث چوک اہل حدیث جہلم میں عظیم الشان سیرت شافع محشر ﷺ کانفرنس

مورخہ 11 اپریل بروز اتوار مرکزی جامع مسجد اہل حدیث چوک اہل حدیث میں عظیم الشان سیرت شافع محشر ﷺ کانفرنس منعقد ہوئی جس کی صدارت رئیس الجامعہ نے کی۔ کانفرنس کا آغاز (مدرس جامعہ) قاری عبدالقہار کی تلاوت سے ہوا۔ شاعر اسلام نعیم الرحمٰن شیخوپوری نے نعتیہ کلام پیش کیا۔ اسٹیج سیکرٹری کے فرائض حافظ احمد حقیق اور مولانا فیض احمد بھٹی نے سرانجام دیئے۔ کانفرنس سے حضرت مولانا محمد عبداللہ نثار خطیب گوجرانوالہ، حافظ مشکوٰۃ قاری محمد اکبر اسد آف چونیاں اور مناظر اسلام مولانا محمد عمر صدیق آف گوجرانوالہ نے خطاب کیا۔ کانفرنس میں جہلم شہر کے علاوہ پنڈ دادنخان، سوہاوہ، دینہ، گوجر خان، گجرات کے علاوہ بھاری تعداد میں عوام نے شرکت کی۔

جامع مسجد توحید اہل حدیث اعوان پور گاہوڑہ میں عظیم الشان عظمت حدیث کانفرنس

مورخہ 4 مئی بروز منگل جامع مسجد توحید اہل حدیث اعوان پور گاہوڑہ میں عظیم الشان عظمت حدیث کانفرنس منعقد ہوئی۔ کانفرنس رئیس الجامعہ کے زیر صدارت ہونا تھی لیکن بیماری کی وجہ سے شریک نہ ہو سکے۔ کانفرنس سے مولانا قطب شاہ اور حضرت مولانا محمد نواز چیمہ آف گوجرانوالہ نے خطاب کیا۔

جامع مسجد توحید اہل حدیث اعوان پور گاہوڑہ میں افتتاحی خطبہ جمعۃ المبارک

تحصیل پنڈ دادنخان میں الحمد للہ مساجد اہل حدیث کا مسلسل اضافہ ہو رہا ہے۔ اعوان پور کے ملک تصدق صاحب بڑے متحرک اور مسلک سے جذباتی تعلق رکھتے ہیں۔ ان کی ذاتی دلچسپی اور کوششوں سے ان کے گاؤں میں مؤسسہ الفرقان پشاور کے تعاون سے ایک خوبصورت مسجد کی تعمیر مکمل ہوئی ہے۔ جس کا افتتاحی خطبہ جمعہ مورخہ 11 جون کو رئیس الجامعہ نے جامع مسجد توحید اہل حدیث اعوان پور گاہوڑہ میں ''توحید کی اہمیت'' کے موضوع پر ارشاد فرمایا جس میں آس پاس کے دیہات سے کثیر تعداد میں لوگوں نے شرکت کی۔ جہلم سے ممتاز صحافی محمود مرزا جہلمی نے بطور مہمان خصوصی شرکت کی۔ جمعہ کے بعد تمام شرکاء کیلئے کھانے کا اہتمام تھا۔

وفیات

عمران غنی اور عرفان غنی کو صدمہ

مورخہ 14 اپریل بروز بدھ عمران غنی اور عرفان غنی (مشین محلہ نمبر 1) کی والدہ محترمہ وفات پا گئیں۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔ مرحومہ صوم وصلوٰۃ کی پابند اور نیک خاتون تھیں۔ نماز جنازہ رئیس الجامعہ نے پڑھائی۔

میاں محمد نعیم بشیر (پلائی ووڈ فیکٹری) کو صدمہ

میاں محمد نعیم بشیر (پلائی ووڈ فیکٹری) کے ماموں حاجی محمد عثمان غنی مانچسٹر۔ برطانیہ میں وفات پاگئے۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔ مرحوم نیک اور باخلاق انسان تھے، ان کی میت مورخہ 15 اپریل کو لائی گئی۔ مرحوم باؤ محمد صادق آف جادہ کے چھوٹے صاحبزادے تھے۔ ان کی نماز جنازہ رئیس الجامعہ نے پڑھائی، جس میں علاقہ بھر سے بھاری تعداد میں لوگوں نے شرکت کی۔

شیخ سہیل اشرف، روحیل اشرف، شعیب اشرف برادران کو صدمہ

مورخہ 22 اپریل بروز جمعرات شیخ سہیل اشرف برادران کی والدہ محترمہ وفات پاگئیں۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔ مرحومہ نماز پنجگانہ کی پابند، نیک اور پارسا خاتون تھیں۔ مرحومہ کی نماز جنازہ مولانا قطب شاہ نے پڑھائی۔

محمود بٹ، مسعود بٹ اور مقصود بٹ برادران کو صدمہ

مورخہ 21 اپریل بروز بدھ محمود بٹ، مسعود بٹ اور مقصود بٹ کے بھائی عبدالرشید بٹ اٹلی میں ہارٹ اٹیک سے وفات پاگئے۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔ مرحوم نماز اور تلاوت قرآن مجید کے پابند تھے۔ یہی وجہ ہے کہ صبح کی نماز کے بعد تلاوت قرآن مجید کے دوران اچانک ہارٹ اٹیک ہوا اور وفات پاگئے۔ مرحوم کی نماز جنازہ شیخ الحدیث مولانا محمد اکرم جمیل نے پڑھائی۔

حاجی عبدالرشید کیانی، محمد یونس کیانی، حاجی عبدالعزیز کیانی وذیشان ارشد، عمران ارشد، احتشام ارشد کو صدمہ

مورخہ 18 مئی بروز منگل حاجی عبدالرشید کیانی، محمد یونس کیانی، حاجی عبدالعزیز کیانی کے چھوٹے بھائی اور ذیشان ارشد کے والد حاجی محمد ارشد کیانی وفات پاگئے۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔ مرحوم جامع مسجد اہل حدیث محلہ مستریاں کے مستقل نمازی ہونے کے ساتھ ساتھ انتہائی نیک اور پرہیزگار انسان تھے۔ صبح کی نماز کیلئے آئے، دوران نماز انہیں دل کی تکلیف ہوئی اور سلام پھیرنے کے تھوڑی دیر بعد خالق حقیقی سے جاملے۔ مرحوم کی نماز جنازہ شیخ الحدیث مولانا محمد اکرم جمیل نے پڑھائی۔

شیخ محمد طاہر، حمزہ طاہر اور ارسلان طاہر کو صدمہ

مورخہ 21 مئی بروز جمعۃ المبارک شیخ محمد طاہر (اقبال لائبریری روڈ) کی زوجہ محترمہ اور حمزہ طاہر اور ارسلان طاہر کی والدہ محترمہ وفات پاگئیں۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔ مرحومہ بڑی ہی نیک خاتون تھیں۔ نماز جنازہ مولانا قطب شاہ نے پڑھائی۔

اسرار احمد اور ڈاکٹر عاطف جواد کو صدمہ

مورخہ 27 مئی بروز جمعرات اسرار احمد جو کہ جامع مسجد اہل حدیث نزد المعراج فلور ملز کالا گوجراں کے والد اور ڈاکٹر عاطف جواد کے نانا جان وفات پاگئے۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔ مرحوم کی نماز جنازہ مولانا قطب شاہ نے پڑھائی۔

ادارہ ''حرمین'' وجامعہ علوم اثریہ اور مرکزی جمعیت اہل حدیث جہلم مذکورہ بالا مرحومین کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔ اللہ تعالیٰ مرحومین کی لغزشوں، کوتاہیوں اور گناہوں کو معاف فرمائے اور انہیں جنت الفردوس میں بلند مقام عطا فرمائے اور ورثاء کو صبر جمیل کی توفیق عطا فرمائے۔ (آمین)